# صحت کی دیکھ بھال کی جانب آپ کی رہنمائی

## حقوق اور اختیارات

میدان نرسنگ ہنگامی صورتحال
ہسپتال ڈاکٹر
علاج معالجہ بیمہ
میدان صحت نظام
نرسنگ طبی
دیکھ بھال سماجی وبائی مرض اصطلاح
سائنس ادویات رہنماء اصول خطرہ تدارک تحفظ
خدمات طرزِ زندگی کلینکل خوفناک کمیونٹی صحت
تحقیق
کیفیت تشخیص ورزش صحت مند
دواساز
غذا بہتری
منصوبہ
صنعت
تعلیم اخلاقیات
ویکسین کا ٹیکا

ACCESS HEALTH NYC
COMMUNITY IS THE KEY

@ACCESSHEALTHNYC


# حقوق اور اختیارات
# وہ جن کا بیمہ نہیں ہے

## آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیئے؟

نیویارک کے ایسے رہائشی جن کے پاس دستاویزات نہیں ہیں وہ صحت کے اکثر بیمے کے اہل نہیں ہوتے

*تاہم آپ کی ہجرت کی چاہے جو بھی صورت ہو یہ مندرجہ ذیل اختیارات موجود ہیں:*

- **ہنگامی صورتحال میں** ایمرجنسی میڈی کیڈ (Emergency Medicaid) جس میں کم آمدنی والوں کو صحت کی دیکھ بھال فراہم کی جاتی ہے نیویارک کے ایسے رہائشی جو اپنی ہجرت کی صورتحال کے باعث میڈی کیڈ (Medicaid) کے اہل نہیں ہیں۔
- **دستاویزات کے بغیر حاملہ خواتین** بھی میڈی کیڈ فار پریگ نینٹ وومن اینڈ ایڈولیسنٹ (Medicaid for Pregnant Women & Adolescents) کےذریعے جامع صحت کی دیکھ بھال کی اہل ہیں (پہلے یہ PCAP تھا) دی فیملی پلاننگ ایکسٹین شن پروگرام (FPEP)۔
- **19 برس سے کم عمر بچے** چائلڈ ہیلتھ پلس (Child Health Plus) کے اہل ہیں چاہے ان کی ہجرت کی جو بھی صورتحال ہو اور چاہے وہ میڈی کیڈ (Medicaid) ہی کیوں نہ لے پاتے ہوں۔
- **ایچ آئی وی/ایڈز سے متاثرہ افراد** ایڈز ڈرگ اسسٹنس پروگرام (AIDS Drug Assistance Program) یا ADAP تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔
- **چھاتی ، رحم اور آنتوں کے سرطان کی مفت اسکرین** نیویارک کے رہائشی ایسے اہل افراد کے لیے جن کے پاس بیمہ نہیں ہے یا ان کے پاس ایسا بیمہ ہے جس میں یہ خدمات شامل نہیں ہیں۔ براہِ مہربانی کال کریں **1-866-442-CANCER** (1-866-442-2262) یا وزٹ کریں: **www.health.ny.gov/diseases/cancer/services**.
- **غیر ہنگامی دیکھ بھال** کے لیے نیویارک کے ایسے رہائشی جن کے پاس دستاویزات نہیں ہیں و ہ ایچ ایچ سی آپشنز (HHC Options) استعمال کرسکتے ہیں ، یہ ہیلتھ اینڈ ہاسپٹلز (Health & Hospitals) کی جانب سے ایک منصوبہ ہے (یہ سرکاری ہسپتال کا نظام ہے) یہ آپ کی آمدنی کی بنیاد پر قابلِ برداشت ادائیگیاں طے کرتاہے۔ *براہِ مہربانی نوٹ فرمالیں کہ یہ بیمہ نہیں ہے۔*




## فراہم کنندہ آپ کو انکار نہیں کرسکتے

سرکاری ہسپتال اور کمیونٹی کے صحت کے مراکز کے لیے یہ لازم ہے کہ وہ خدمات فراہم کریں چاہے ایک شخص میں مکمل ادائیگی کی سکت ہو یا نہیں۔

**سرکاری ہسپتال** (صحت+ ہسپتال) آپ کے قریب موجود سرکاری ہسپتال تلاش کرنے کے لیے **کال کریں 311** یا
**www.nychealthandhospitals.org/contact**

**کمیونٹی کے صحت کے مراکز**
آپ کے قریب کمیونٹی کے صحت کے مراکز تلاش کرنے کے لیے **کال کریں 212.279.9686** یا
**www.chcanys.org**

**ہم آپ کی مدد کرسکتے ہیں**

ACCESS HEALTH NYC
COMMUNITY IS THE KEY

@ACCESSHEALTHNYC

# مجھے ایسی صورت میں کیا کرنا چاہیے کہ جب ہنگامی طبی صورتحال ہو

## آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیئے؟

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ ایمبولینس کے لیے 911 پر کال کریں اور ہنگامی طبی امداد کے لیے ہسپتال پہنچائے جائیں ، ***چاہے آپ کے پاس بیمہ یا دستاویزات ہوں یا نہیں۔***



- **ای ایم ایس (EMS) کے کارکنان کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ آپ سے آپ کی ہجرت کی صورتحال** کے بارے میں معلوم کریں اور نہ ان کو اس کی اجازت ہے کہ وہ آپ کی اجازت کے بغیر کسی حکومتی اہلکار کو آپ کی ہجرت کی صورتحال کے بارے میں بتائیں۔




- **ایک شہری قانون، شہری ملازمین کو یہ ہدایت کرتا ہے کہ وہ خفیہ معلومات** کا تحفظ کریں بشمول ہجرت کی صورتحال، شہری خدمات حاصل کرنے والوں کے بارے میں ، بشمول ہمارے شہر کے سرکاری ہسپتال کے نظام (صحت+ ہسپتال) کی جانب سے فراہم کردہ خدمات۔




**آپ کو ایمبولینس کہاں لے کر جائے گی؟**

ایمبولینس کے لیے یہ لازم ہے کہ وہ آپ کو اس قریب ترین ہسپتال میں لے کر جائے جو آپ کو دیکھ بھال فراہم کرپانے کے قابل ہو۔




**کیا آپ کسی مخصوص ہسپتال میں لے کر چلنے کا کہ سکتے ہیں؟**

**جی ہاں! ای یم ایس (EMS) کے پاس "دس منٹ کا اصول ہے"۔** آپ ہسپتال میں لے کر جانے کا کہ سکتے ہیں *اگر اس کا فاصلہ اس ہسپتال سے دس منٹ سے زیادہ نہ ہو* جہاں آپ کو لے کر جایا جارہاہے۔

**کمیونٹی صحت کے ایڈوکیٹس کو اس نمبر پر کال کریں 888.614.5400**

ہنگامی طبی امداد اور ممکنہ صحت کے مسائل کے حل اور ای آر کی دیکھ بھال کے ضمن میں آنے والے طبی بلوں کے لیے سوالات کے جوابات کی معاونت کے لیے۔



**کیا ایک ہنگامی طبی امداد فراہم کرنے ولا کمرہ اس لیے میرا علاج معالجہ کرنے سے انکار کرسکتا ہے کہ میرے پاس بیمہ نہیں ہے؟**

جی نہیں ، وفاقی اور ریاستی قوانین ان مریضوں کو تحفظ فراہم کرتے ہیں جنہیں ہنگامی طبی امداد کی ضرورت ہوتی ہے۔

- **ایمرجنسی میڈیکل ٹریٹمنٹ اینڈ ایکٹو لیبر ایکٹ Emergency Medical Treatment &) (Active Labor Act) (EMTALA** آپ کو علاج معالجے کے حق کا تحفظ فراہم کرتا ہے اور آپ کو یہ حق دلاتا ہے کہ آپ کی ایسی صورت میں طبیعت بحال کی جائے جب آپ کو ہنگامی طبی امداد کی ضرورت ہو۔

- **ایمرجنسی میڈیکل سروسز رفارم ایکٹ Emergency Medical Services) (Reform Act** (EMSRA) نیو یارک کی ریاست کا ایک قانون ہے جو ہسپتالوں کو اس عمل سے روکتا ہے کہ وہ مریضوں سے غیر مناسب انداز میں جان چھڑائیں یا ان کو غیرمناسب انداز میں ایک سے دوسری جگہ منتقل کریں۔

**ہسپتال:**

- ہسپتالوں کے لیے یہ لازم ہے کہ وہ آپ کو بھی اس طرح کی اسکریننگ اور علاج معالجہ فراہم کریں جو آپ کی طرح کی علامات رکھنے والے کسی دوسرے شخص کوفراہم کی جاتیں۔
- وہ آپ کو کسی دوسری ہسپتال میں منتقل نہیں کرسکتے یہ لازم ہے کہ آپ کی طبیعت میں بحالی لائی جائے- یعنی اس امکان کو کم کیا جائےکہ آپ کی طبیعت اور زیادہ خراب ہوجائے۔

**آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ علاج معالجہ کروانے سے انکار کردی** تاہم یہ انکار صرف ایسی صورت میں کیا جاسکتا ہے کہ جب آپ کو ہسپتال کی جانب سے علاج معالجے اور تشخیص کے نقصانات اور فوائد کے بارے میں آگاہی دے دی جائے۔

**ہم آپ کی مدد کرسکتے ہیں**

ACCESS HEALTH NYC
COMMUNITY IS THE KEY
@ACCESSHEALTHNYC

# صحت کی دیکھ بھال کے آپ کے حقوق کے بارے میں آپ کو اپنی زبان میں رسائی حاصل ہو

## آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیئے؟

نیویارک کے تمام شہریوں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی زبان میں ابلاغ کریں۔




**سن 2006 سے نیویارک کی ریاست آپ کے حق کو تسلیم کرتی ہے:**

- **اگر آپ انگریزی نہیں بولتے ، یا یہ کہ کوئی دوسری زبان** آپ کو زیادہ بہتر انداز میں سمجھ میں آتی ہے تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ جب ہسپتال، کمیونٹی صحت کے مراکز، کلینکس اور میڈی کیڈ (Medicaid) یا دیگر سرکاری فوائد کے دفاتر میں جائیں تو کسی مترجم کی خدمات بالکل مفت حاصل کریں۔
- **ایسے افراد جنہیں بینائی، سماعت یا پھر بولنے** کے مسائل ہوں تو انہیں بھی یہ حق حاصل ہے کہ وہ مفت میں مترجم کی خدمات حاصل کریں۔
- آپ کو ہسپتا میں *20 منٹ یا اس سے کم* کے لیے اور ہنگامی طبی امداد والے کمرے میں *10 منٹ یا اس سے کم* کے لیے مترجم فراہم کیا جائے۔
- **ہسپتالوں کو یہ اجازت نہیں ہے** کہ وہ مریض کے خاندان والوں، دوستوں یا دیگر ایسے افراد کی خدمات مترجم کے طور پر حاصل کریں جو ہسپتال میں کام نہیں کرتے، *تاوقتیکہ مریض خود ان کی مدد حاصل نہ چاہے۔*
- **آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ ہسپتال کی جانب سے فراہم کئے جانے والے ترجمان** کی خدمات لینے سے انکار کردیں، *تاہم یہ لازمی ہے کہ جو شخص بھی مترجم کے طور پر خدمات انجام دے رہا ہو اس کی عمر کم ازکم 16 برس ہو۔*

### آپ کو کیا کچھ دیکھنا اور پوچھنا چاہیئے؟

- اس کی یقین دہانی کر لیں کہ فراہم کنندہ آپ کے طبی چارٹ میں آپ کی ترجیحی زبان اور زبان کی ضروریا کو شامل کرے۔
- اس کی یقین دہانی کر لیں کہ آپ کو جودستاویزات فراہم کئے جا رہے ہیں ان کا آپ کی زبان میں ترجمہ کرلیا گیا ہے
- آپ کو لازمی طور پر مفت میں فراہم کی جانے والی زبان کی معاونت کے بارے میں معلومات فراہم کردی گئی ہے۔



### ایسی صورت میں آپ کیا کریں جب آپ کو کوئی مسئلہ ہو؟

ہسپتال کے منتظم سے بات کرنے کا کہیں۔ اگر اس طرح کام نہ ہوتو **آپ کو شکایت کرنی چاہیئے**

**شکایات کی کال میں مدد کے لیے:**

کمیشن آن پبلکس ہیلتھ سسٹم
**646.325.5317**

**ہم آپ کی مدد کرسکتے ہیں**


ACCESS HEALTH NYC
COMMUNITY IS THE KEY
@ACCESSHEALTHNYC

# ہنگامی صورتحال میڈی کیڈ
# (EMERGENCY MEDICAID)

دستاویزات کے بغیر مہاجرین کسی بھی **ہنگامی طبی صورتحال** میں "ہنگامی طبی امداد میڈی کیڈ (MEDICAID)" حاصل کرسکتے ہیں۔*

** تاہم میڈی کیڈ (Medicaid) کے ذریعے وہ مکمل کورج یا بیمے کی جاری کورج کے اہل نہیں ہیں۔*

اگر آپ درخواست کریں گے تو اس سے آپ کی ہجرت کی صورتحال متاثر **نہیں** ہوگی





## مجھے یہ کیسے معلوم ہوگا کہ میں ہنگامی طبی میڈی کیڈ (EMERGENCY MEDICAID) لے سکتا/سکتی ہوں؟

ہنگامی میڈی کیڈ (EMERGENCY MEDICAID) کے حصول کے لیے لازمی ہے کہ آپ:

✓ آمدنی کی ضروریات کو پور ا کریں


✓ آپ نیویارک ریاست میں مقیم ہوں

## قانون کے تحت تمام قسم کے زخمی ہوجانے یا بیمار پڑ جانے کو ہنگامی طبی صورتحال تصورنہیں کیا جاتا!




قانون کے تحت **شاید** آنے والی ہنگامی میڈی کیڈ (EMERGENCY MEDICAID) کی مثالیں:

- دمے کا حملہ
- سرطان
- دل کا دورہ
- کوما
- سر میں چوٹ
- جھٹکے
- شدید قسم کا انفیکشن
- دل، جگر یا گردوں کی بیماریاں
- حمل یا بچے کی پیدائش جس سے زچہ اور بچہ کو خطرہ ہو




قانون کے تحت **شاید نہ** آنے والی ہنگامی میڈی کیڈ (EMERGENCY MEDICAID) کی مثالیں:

ٹرانسپلانٹ سے متعلق خدمات
(مثال کے طور پر اعضاء)

بعض ادویات چاہے اس کو نسخے پر کہیں سے بھی حاصل کیا جائے (مثال کے طور پر ہنگامی صورتحال کا کمرہ)


**ہم آپ کی مدد کرسکتے ہیں**

ACCESS HEALTH NYC
COMMUNITY IS THE KEY
@ACCESSHEALTHNYC

# ہنگامی صورتحال میڈی کیڈ
# (EMERGENCY MEDICAID)





**چوٹ لگنے یا بیمار ہوجانے کی صورت میں ایک ہنگامی صورتحال کے کمرے یا کلینک میں جائیں**



**ڈاکٹر کے لیے اس کا تعین کرنا لازم ہے کہ آیا آپ کی کیفیت ہنگامی طبی صورتحال والی ہے یا نہیں۔**

ایک شخص اس وقت "ہنگامی طبی صورتحال کی کیفیت" میں ہوتا ہے جب شدید قسم کی علامات پائی جاتی ہوں، جیسا کہ شدید درد یا اگر آپ کو فوری طور پر طبی امداد نہ ملی تو آپ کی صحت ، اعضاء یا جسم کے کسی حصّے کو شدید قسم کا نقصان پہنچ سکتا ہے۔




**جتنا جلد ممکن ہو آپ سائن اپ کریں کیوں کہ :**

- **کیوں کہ ہنگامی طبی علاج معالجے کے بعد آپ کو محض 3 ماہ کے** اندر اخراجات واپس کرنے ہیں۔
- ہنگامی میڈی کیڈ (Emergency Medicaid) ہنگامی طبی امداد کے علاج معالجے کے لیے صرف پہلی مرتبہ کے ہی اخراجات برداشت کرے گی لیکن جب ہنگامی صورتحال نہیں رہے گی تو اخراجات برداشت نہیں کئے جائیں گے۔ حاملہ خواتین کے لیے ہنگامی میڈی کیڈ (Emergency Medicaid) صرف بچے کی پیدائش کے اخراجات برداشت کرے گی۔

**مجھے اور کیا جاننا چاہیئے؟**

درخواست دہندہ کے لیے یہ لازمی ہے کہ وہ اپنی مالی اہلیت ثابت کرنے کے لیے ہر برس ہنگامی میڈی کیڈ (Emergency Medicaid) کی درخواست کو مکمل کرے




ایسے افراد جن کی عمر **65 برس یا اس سے زائد ہو یا معذوریوں کے شکار افراد کے** لیے ایک مختلف درخواست ہے




**اپنی ہنگامی میڈی کیڈ (EMERGENCY MEDICAID) درخواست میں مدد کے لیے رابطہ کریں:**

- ہسپتال کا عملہ یا ایسی سماجی خدمات جو میڈی کیڈ (Medicaid) درخواستوں پر عملدرآمد کرتی ہوں۔
- اگر آپ بیمہ یافتہ نہیں ہیں تو کسی سند یافتہ درخواست کے کونسلر (Certified Application Counselor) یا نیوی گیٹر (Navigator) سے ملاقات کریں جو اس کی تصدیق کرے کے آپ بیمے کے اہل نہیں ہیں اور اس کے بعد وہ آپ کو ہنگامی میڈی کیڈ (Emergency Medicaid) کے لیے آپ کی اہلیت کی تصدیق کرے گا۔ قریب ترین کمیونٹی نیوی گیٹر کی تلاش کے سلسلے میں **کال کریں 311 پر یا ٹیکسٹ پیغام بھیجیں** پر **877877 at** (SeguroINYC یا) **GetcoveredNYC**۔


**چاہے آپ میں پیسے ادا کر پانے کی اہلیت ہو یا نہیں لیکن یہ آپ کا حق ہے کہ جب آپ کو ہنگامی طبی امداد کی ضرورت ہو تو آپ کو علاج معالجہ فراہم کیا جائے اور آپ کی طبیعت کو بحال کیا جائے۔**

**ہم آپ کی مدد کرسکتے ہیں**

ACCESS HEALTH NYC
COMMUNITY IS THE KEY
@ACCESSHEALTHNYC

# ہسپتال کے بلوں کی ادائگی کرنے کے لیے
# تحفظات اور اختیارات

نیویار کے تمام شہریوں کو ہنگامی طبی علاج معالجے اور غیر ہنگامی طبی علاج معالجے کا حق حاصل ہے۔






**نیویارک ریاست کے تمام ہسپتالوں کے لیے یہ لازمی ہے کہ وہ صحت کا بیمہ نہ رکھنے والوں یا ذیلی بیمہ رکھنے والوں کو ان کی ہجرت کی صورتحال کی تفریق کے بغیر مالی معاونت دستیاب** کروائیں (اس کو چیریٹی کیئر پالیسی (Charity Care Policy) بھی کہاجاتا ہے۔

**تمام ہسپتالوں پر یہ لازم ہے کہ وہ ان افراد اور** خاندانوں کو رعایتی شرح پر علاج معالجہ فراہم کریں جو مالی معاونت کے اہل ہوں۔ اس کو **"سلائیڈنگ فی اسکیل"** کہا جاتا ہے۔

**نیویارک کے ایسے رہائشی جن کے پاس دستاویزات نہیں ہیں وہ غیر ہنگامی طبی دیکھ بھال کے لیے ایچ ایچ سی آپشنز (HHC Options)** استعمال کرسکتے ہیں، ہیلتھ اینڈ ہاسپٹلز (Health & Hospitals) (سرکاری ہسپتالوں کا نظام) کا ایک منصوبہ ہے جو آپ کی آمدنی کی بنیاد پر آپ کے لیے قابلِ برداشت ادائیگیاں طے کرتا ہے۔ *براہِ مہربانی نوٹ فرمالیں کہ یہ بیمہ نہیں ہے۔*

- اس پروگرام کو نیویارک کے باہر ہیلتھ ہاسپٹلز(Health & Hospitals) کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

**ہسپتال کی خیراتی پالیسی کے تحت آپ کو بل وصول ہوگا تاہم اس میں تخفیف کی جاسکتی ہے**

**اگر ہسپتال آپ سے ادائگیوں کا مطالبہ کرنے لگے تو اس کے لیے مزید تحفظات**



- جس وقت آپ کو خدمات فراہم کی گئی تھی اور اس وقت آپ میڈی کیڈ (Medicaid) *کے لیے اہل تھے تو پھر، آپ کسی قسم کے بھی مقروض نہیں ہیں۔*
- ہسپتال کی جانب سے لوگوں سے پیسے وصول کرنے کے لیے مقرر کردہ ایجنسی کو چاہیئے کہ وہ ہسپتال کی خیراتی دیکھ بھال کی پالیسی پر عمل کرے اور مالی معاونت کے حصول کے سلسلے میں لوگوں کو معلومات فراہم کرے۔
- وصولی کرنے والی ایجنسی کی جانب جانے سے پہلے یہ لازمی ہے کہ آپ کو کم از کم 30 دن پہلے مطلع کردیا جائے۔ جب آپ کو خط وصول ہو تو ہسپتال یا پھر پیسے وصول کرنے والی ایجنسی کو کال کرتے ہوئے۔ مت گھبرائیں اور ان کو مالی معاونت کا کہیں۔
- ہسپتال یا پیسے وصول کرنے والی ایجنسی آپ کو اس پر مجبور نہیں کرسکتی کہ آپ پیسوں کی ادائیگی کے لیے اپنی رہائش گاہ کو فروخت کریں یا گروی رکھیں۔

دوسرے صفحے پر جاری

**ہم آپ کی مدد کرسکتے ہیں**

ACCESS HEALTH NYC
COMMUNITY IS THE KEY
@ACCESSHEALTHNYC


# ہسپتال کے بلوں کی ادائگی کرنے کے لیے
# تحفظات اور اختیارات

گزشتہ صفحے سے جاری

### "اچانک کا قانون"

ریاست کے کسی قانون میں جو آپ کو نیٹورک سے باہرخدمات اور علاج معالجے کے بلوں میں تحفظ فراہم کرتا ہے- بشمول چند ہنگامی خدمات۔

آپ کو یہ علم نہیں تھا کہ خدمات فراہم کرنے والاں نیٹورک سے باہر کا تھا یا یہ کہ آپ کو آپ کی رضامندی کے بغیر یا آپ کے علم میں لائے بغیر آپ کو نیٹورک سے باہر خدمت فراہم کرنے والے کے پاس بھیج- دیا گیا۔




### آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیئے

- اگر آپ غیر بیمہ یافتہ ہیں تو آپ تنازعات حل کرنے کے باضابطہ طریقہ کار کے ذریعے نیٹورک کے "اچانک" بلوں کے تنازع کو حل کرسکتے۔
- اس قانون کا اطلاق صرف ان خدمات والے بلوں پر ہوگا جو 31 مارچ ، 2015 سے بعد کی تاریخ میں ہوں گے۔

**اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو شاید کوئی اچانک بل وصول ہوا ہے تو آپ مندرجہ ذیل ہاٹ لائن پر کمیونٹی ہیلتھ کے ایڈوکیٹ سے مدد طلب کرسکتے /سکتی ہیں۔**

**888.614.5400**

## آپ کو کیا کچھ معلوم ہونا چاہیئے اور دیکھنا چاہیئے؟

- ✓ اگرآپ کی آمدنی کم ہے اور آپ غیر بیمہ یافتہ ہیں اور آپ ہسپتال میں رہتے ہوئے علاج معالجہ کروا رہے ہیں تو ہسپتال کے لیے یہ لازمی ہے کہ وہ میڈی کیڈ (Medicaid) کے لیے درخواست دینے کے بارے میں آپ سے بات کرے۔ اگر ہسپتال آپ کو نہیں بتاتی یا وہ درخواست دینے کے لیے آپ کی مدد نہیں کرتی تو آپ کو بل کی ادائیگی نہیں کرنی چاہیئے۔
- ✓ سرکاری صحت کے بیمے کے درخواست دینے یا پھر سلائیڈنگ فری اسکیل پر آنے کے لیے آپ کو اس ہسپتال کا ضروری درخواست فارم مکمل کرنا ہوگا جہاں سے آپ صحت کی دیکھ بھال خدمات حاصل کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے /رہی ہیں۔
- ✓ ہسپتال کے لیے یہ لازمی ہے کہ وہ معلومات کی فراہمی کے دوران آپ کو اپنی سلائیڈنگ فی اسکیل کے بارے میں بھی معلومات فراہم کریں اور اگر آپ کوئی بل وغیرہ وصول کریں تو اس معلومات کو اس پر بھی درج کریں۔
- ✓ آپ ہسپتال کی سلائیڈنگ فی اسکیل کی پالیسی اور خیراتی دیکھ بھال کی پالیسی اورفارم کی نقول کا بھی کہ سکتے /سکتی ہیں۔ ہر ہسپتال کی خیراتی دیکھ بھال کی پالسی مختلف ہوتی ہے۔
- ✓ یہ لازمی ہے کہ سلائیڈنگ فی اسکیل کے نوٹس کو پورے ہسپتال میں آویزاں کیا جائے۔
- ✓ ہسپتال محض یہ معلوم کرنے کے لیے ہنگامی طبی کمرے میں موجود ایک مریض کی اسکریننگ میں دیر نہیں کرسکتی کہ آیا آپ میں خدمت کی ادائیگی کرپانے کی سکت ہے یا نہیں۔
- ✓ یہ ضروری نہیں ہے کہ نجی ڈاکٹروں کے آفسز میں میں سلائیڈنگ فی اسکیل کی پالیسیاں ہوں۔

**ہم آپ کی مدد کرسکتے ہیں**

ACCESS HEALTH NYC
COMMUNITY IS THE KEY
@ACCESSHEALTHNYC